معلوماتی کتاب

۱۰۰ مشہور شہر

محمد ظفر اقبال

پیش لفظ

گذشتہ چند سالوں میں میری معلوماتی کتابوں کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے بے انتہا کامیابیوں سے نوازا اور وہ قارئین میں کافی مقبول ہوئیں۔ اب میں آپ کے سامنے سلسلہ کوئیز بکس کے سلسلے کے تحت چونتیس کتابیں پیش کر رہا ہوں جس میں سے ایک کتاب ۱۰۰ مشہور شہر ہے اس میں ہر شہر پر پندرہ پندرہ سے زائد سوالات مع جوابات ہیں۔ سو شہروں کی محدودیت کی وجہ سے کافی شہروں کو چھوڑنا پڑا ہے۔

ابتدا میں اس سلسلہ کو میں نے آسان سمجھا تھا لیکن بعد میں احساس ہوا کہ یہ کافی مشکل کام ہے۔ بہر حال اس سلسلہ کوئز بکس کی تکمیل کا بیڑا اٹھایا تھا اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور اس کے حبیب پاک ﷺ کے صدقے سے اس میں کامیاب ہوا۔

میں اپنے ان تمام ساتھیوں، دوستوں اور احباب کا مشکور و ممنون ہوں کہ جن کے تعاون سے یہ سلسلہ پایہ تکمیل تک پہنچا۔

آج کل میں ظفر معلوماتی انسائیکلوپیڈیا، اور مختلف موضوعات کی تقریبا چالیس کتابوں کی تصنیف، تالیف و ترتیب میں لگا ہوا ہوں۔ دعا کریئے کہ اللہ تعالیٰ کامیابی سے ہمکنار فرمائیں۔ آمین۔

آخر میں امید کرتا ہوں کہ یہ کوشش انشاء اللہ آپ کو ضرور پسند آئی گی۔

عمر بھر جلنے کا اتنا تو صلہ پائیں گے ہم
بجھتے، بجھتے، چند شمعیں تو جلا جائیں گے ہم

محمد ظفر اقبال

۲۶ فروری ۱۹۸۵ء

کراچی

محمد ظفر اقبال، غازی پور، یو پی، انڈیا میں پاکستان بننے کے بعد پیدا ہوئے۔ والد جناب بدر عالم خان، پاکستان آرمی میں ملازم رہے جہاں بہت سے تبادلوں کی بنا پر ظفر نے ابتدائی تعلیم مغربی پاکستان کے مختلف اسکولوں میں حاصل کی۔ انہوں نے گورنمنٹ بوائیز سیکنڈری اسکول نمبر ۲ جہانگیر روڈ، کراچی سے ۱۹۶۵ء میں میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ ۱۹۶۷ء میں اسلامیہ کامرس کالج کراچی سے آئی کام کیا۔ ۱۹۶۹ء میں انہوں نے پریمیئر کالج، ناظم آباد کراچی سے گریجویشن کیا اور قانون کا امتحان کراچی یونیورسٹی سے ۱۹۷۵ء میں پاس کیا۔

اپنے زمانہ طالب علمی کے زمانے سے ہی انہیں علمی و ادبی سرگرمیوں سے بہت دلچسپی تھی۔ ۱۹۷۲ء سے ۱۹۸۳ء تک ۱۲ سال میں ان کی ۱۲ کتابیں یعنی خزانہ معلومات عامہ پانچ ہزار سوالات مع جوابات، معلومات عالم۔ حیرت انگیز ہی۔ حیرت انگیز، دلچسپ اور عجیب، آپ مانیں یا نہ مانیں۔ ذہانت کے سوالات، اپنی ذہانت آزمائیے۔ گھریلو ترکیبیں حصہ اول و دوئم، سنہرے اقوال، دلچسپ باتیں یعنی طنز و مزاح کے کئی سو واقعات اور اردو کے دو ہزار بہترین اشعار شائع ہوئیں نیز مزید سات کتابیں کیا آپ جانتے ہیں۔ کیا کیوں کیسے کہاں کب کون ذہن کی آزمائش، جہان معلومات۔ پاکستان آپ کی ہتھیلی پر۔ آپ کتنے پانی میں ہیں اور خزینہ بیت بازی ان کی زیر نگرانی منظر عام پر آئیں۔

۱۹۸۵ء میں ان کی ۳۲ کتابیں اور دو کتابیں ان کی زیر نگرانی جس کی فہرست بیک ٹائیٹل پر ہے شائع ہوئی ہیں۔ آج کل ماشاء اللہ یہ ظفر معلوماتی اسائیکلو پیڈیا اور مختلف موضوعات کی تقریبا چالیس کتابوں کی تصنیف و تالیف میں لگے ہوئے ہیں

اللہ کرے زور قلم اور زیادہ

۱۔ استنبول

۱۔ ترکی کے شہر استنبول کا پرانا نام کیا ہے

۲۔ کیا آپ جانتے ہیں یہ شہر ۳۲۷ء میں کس نے آباد کیا اور اس نے اس کا نام کے رکھا تھا؟

۳۔ ۳۳۰ ق م میں استنبول کس نام سے مشہور تھا؟

۴۔ اس شہر میں واقع یونیورسٹی کس سال قائم کی گئی؟

۵۔ چھٹی صدی عیسوی میں ااستنبول میں سینٹ صوفیہ کا گرجا کس شہنشاہ نے بنوایا تھا؟

۶۔ کیا آپ جانتے ہیں استنبول کے مشہور چوک میدان تقسیم میں ترکی کی کس مشہور شخصیت کا مجسمہ ہے؟

۷۔ شہنشاہ قسطنطین نے اس شہر کی تعمیر میں کس ہندسے کو مدنظر رکھا، کیوں اور کس طرح

۸۔ اس شہر کا نام سرکاری طور پر کب استنبول مقرر ہوا تھا؟

۹۔ کیا آپ جانتے ہیں استنبول میں کس مشہور صحابی کا مزار واقع ہے جنہیں حضور اکرمؐ کی میزبانی کا شرف کئی ماہ تک حاصل رہا تھا؟

۱۰۔ ۱۹۲۳ء کی اس شہر کی تاریخ میں کیا اہمیت ہے؟

۱۱۔ استنبول کا کچھ حصہ ایشیاء اور کچھ یورپ میں واقع ہے بتایئے ان دونوں حصوں کو آپس میں ملانے کے لیے ۱۹۷۳ء میں تعمیر ہونے والے پل کی لمبائی کتنی ہے؟

۱۲۔ دنیا بھر میں سب سے قدیم گرجا جو استنبول میں واقع، سینٹ صوفیہ کا گرجا گھر ہے، بتایئے ۱۹۳۵ء کے بعد یہ کس مقصد کے لیے استعمال کیا جانے لگا اور اس سے پہلے یہ کس عمارت کے طور پر استعمال ہو رہا تھا؟

۱۳۔ استنبول میں واقع غلا، طہ ٹاور کتنا اونچا ہے اور یہ کس نام سے مشہور تھا؟

۱۴۔ کیا آپ جانتے ہیں استنبول میں شاہی مسجدوں کے علاوہ مساجد کی تعداد کتنی ہے؟

۱۵۔ حضور اکرمؐ نے فرمایا تھا کہ جو شخص قسطنطنیہ فتح کرے گا جنتی ہوگا بتائیے اسے ۱۴۵۳ء میں کس نے فتح کیا تھا؟

جوابات

۱۔ قسطنطنیہ

۲۔ بازنطیم کے نام سے

۳۔ قسطنطین نے

۴۔ ۱۴۵۳ء میں

۵۔ شہنشاہ جسٹینین نے بنوایا تھا

۶۔ بانی ترکی مصطفیٰ کمال اتاترک

۷۔ شہنشاہ قسطنطین نے یہ شہر سات پہاڑیوں پر آباد کیا اور شہر پناہ کے سات دروازے بنائے چونکہ بادشاہ سات ہندسے کو نیک فال سمجھتا تھا۔

۸۔ ۱۹۳۰ء میں

۹۔ حضرت ابوایوب انصاریؓ

۱۰۔ یہ شہر ۱۹۲۳ء تک ترکی کا دارلحکومت رہا

۱۱۔ ۳۵۲۴ فٹ

۱۲۔ ۱۹۳۵ء کے بعد یہ عجائب گھر کے طور پر استعمال ہوتا ہے اس سے قبل یہ مسجد کے طور پر استعمال ہوتا تھا

۱۳۔ ۲۲۴ فٹ اونچا حضرت عیسیٰ کے ٹاور کے نام سے مشہور تھا۔

۱۴۔ پانچ سو مساجد ہیں

۱۵۔ سلطان محمد فاتح

۲۱۔ اصفہان

۱۔ ایران کا مشہور شہر اصفہان سطح سمندر سے کتنی بلندی پر واقع ہے؟

۲۔ اصفہان میں واقع میدان شاہ ایران کی خوبصورت تعمیرات میں شمار ہوتا ہے بتایئے اسے ۱۶۱۱ء میں کس حکمران نے بنایا تھا؟

۳۔ کیا آپ جانتے ہیں اصفہان کو سب سے پہلے کس بادشاہ نے اپنا دارالخلافہ بنایا اور اس کے عہد میں اصفہان کو کیا کہا جاتا تھا؟

۴۔ بتایئے ۱۹۱۶ء میں اصفہان پر کس قوم کا قبضہ ہو گیا تھا؟

۵۔ موجودہ صدی میں کس حکمران کے عہد میں اصفہان میں صنعتی علاقہ تعمیر کیا گیا؟

۶۔ کیا آپ جانتے ہیں اصفہان کو کس حکمران نے آباد کیا تھا؟

۷۔ یہ شہر دنیا میں اپنی کن عمارات کی وجہ سے مشہور ہے؟

۸۔ کیا آپ اصفہان کے معنی بتا سکتے ہیں؟

۹۔ بتایئے اصفہان کا قدیم نام کیا تھا؟

۱۰۔ تیمور سے قبل اس شہر کی جگہ پر کس حکمران نے ایک بستی آباد کی تھی اور کس مقصد کے لیے؟

۱۱۔ اصفہان کا قدیم نام اسپاندانہ تھا آپ بتا سکتے ہیں یہ لفظ کس لفظ سے ماخوز ہے اور اس کے معنی کیا ہیں؟

۱۲۔ اس شہر کو مسلمانوں نے ۶۴۰ء میں کس مشہور خلیفہ کے عہد میں فتح کیا؟

۱۳۔ بتایئے ۹۱۳ء میں کس قوم کے قبضہ میں آیا تھا؟

۱۴۔ ۱۹۱۷ء میں کس قوم نے اس شہر پر قبضہ کرلیا اور روسیوں کو یہ شہر خالی کر دینا پڑا تھا؟

۱۵۔ بتایئے اس شہر کی تاریخ میں ۱۰۳۰ء کی کیا اہمیت ہے؟

۱۵۔ا۔ حضرت عمرؓ کے دور کے بعد دوبارہ کب اس شہر کو مسلمانوں نے فتح کیا اور کس کے دور میں؟

جوابات

۱۔ ۵۲۱۶ فٹ

۲۔ شاہ عباس اول نے

۳۔ صفری خاندان کے بادشاہ شاہ عباس اعظم اول نے نصف جہاں کہا جاتا تھا

۴۔ روسیوں کا

۵۔ رضا شاہ پہلوی کے عہد

۶۔ تیمور لنگ نے

۷۔ حسین مسجدوں کی وجہ سے

۸۔ افواج

۹۔ آسپاندانہ

۱۰۔ بابل کے حکمران بنوکد نضر نے یہودیوں کو بسانے کے لیے

۱۱۔ اسپ بمنی گھوڑا

۱۲۔ حضرت عمرؓ

۱۳۔ ۱۹۱۳ء میں

۱۴۔ انگریزوں کا

۱۵۔ یہ شہر غزنویوں کی قلمرو میں شامل ہوا

۱۵۔ا، ۵۶۱ء میں المعتز کے دور میں

۳۔ ازمیر

۱۔ ترکی کے کس شہر ازمیر کا پرانا نام بتایئے نیز یہ بھی بتایئے اس کا یہ نام کس نے بدل کر رکھا؟

۲۔ کیا آپ جانتے ہیں یہ شہر کس صوبہ یا ولایت میں واقع ہے؟

۳۔ کس مشہور یونانی شاعر کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ یہیں پیدا ہوا۔

۴۔ دنیا کے خوبصورت ترین شہروں میں سے یہ شہر کس مشہور سمندر کے کنارے واقع ہے؟

۵۔ ۱۷۸۰ء میں کس قدرتی آفت کی وجہ سے یہ شہر تقریباً تباہ ہو کر پھر آباد ہوا؟

۶۔ ازمیر کو ایک ہزار قبل مسیح میں کس قوم نے آباد کیا تھا؟

۷۔ ترکی کا کچھ حصہ اشیاء میں اور کچھ یورپ میں واقع ہے بتایئے ازمیر ترکی کے کس حصہ میں واقع ہے؟

۸۔ ازمیر میں واقع یونیورسٹی کا نام بتایئے؟

۹۔ ۶۳۰ ق م میں کس حکمران نے ازمیر کو تباہ کر دیا تھا؟

۱۰۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ ازمیر عثمانی ترکوں کے قبضہ میں کب سے ہے؟

۱۱۔ پہلی جنگ عظیم کے دوران شہر ترکوں کے قبضہ سے نکل گیا تھا بتایئے اسے ترکوں نے کب دوبارہ اپنے قبضہ میں لیا؟

۱۲۔ ۱۴۰۳ء میں کس مشہور فاتح نے اس شہر پر قبضہ کر کے نیست و نابود کر دیا نیز یہ بھی بتایئے ترکوں نے دوبارہ کب اس شہر پر قبضہ کیا تھا؟

۱۳۔ ترکی کی کس مشہور شخصیت نے اپنی زندگی کا بیشتر حصہ اس شہر میں گزارا؟

۱۴۔ ۱۹۲۲ء میں مصطفیٰ کمال پاشا کی قیادت میں ترکوں نے اس شہر پر دوبارہ قبضہ کر لیا تھا۔ بتایئے کس معاہدے کے تحت اس شہر پر ترکیہ کا مستقل طور پر حق تسلیم کیا گیا؟

۱۵۔ پہلی جنگ عظیم کے دوران کس ملک نے اس شہر پر قبضہ کرلیا؟

۱۵۔ا۔ازمیر میں کس مشہور شخصیت کی والدہ زبیدہ خانم کا مزار واقع ہے؟

۱۵۔ب، ازمیر میں تاریخی کھنڈرات اور قدیم مقامات کافی ہے کیا آپ جند مشہور کا نام بتا سکتے ہیں؟

جوابات

۱۔سمرنا، کمال اتاترک

۲۔صوبہ سمرنا یا ولایت سمرنا میں

۳۔ہومر

۴۔بحیرہ ایجیئن کے کنارے

۵۔زلزلہ کی وجہ سے

۶۔یونانیوں نے

۷۔ایشاء میں

۸۔ایجیئن یونیورسٹی

۹۔لیڈیا کے شاہ الیاطس نے

۱۰۔۱۴۲۴ء سے

۱۱۔۱۹۲۲ء

۱۲۔امیر تیمور نے ۲۲ سال کے بعد

۱۳۔مصطفیٰ کمال پاشا نے

۱۴۔لاوسین معاہدے کے تحت

۱۵۔یونان نے

۱۵۔ا، مصطفیٰ کمال اتا ترک کی والدہ

۱۵۔ ب ماونٹ پیلس، اگورا، بسمان کا عجائب گھر، ثقافتی پارک، قومی لائبریری، اتاترک کا مکان اور مسجدیں

۴۔ الہ آباد

۱۔ بھارت کو مشہور الہ آباد کس صوبے کا انتظامی ہیڈ کوارٹر ہے؟

۲۔ یہ کن دو مشہور دریاؤں کے مقام اتصال پر واقع ہے؟

۳۔ الہ آباد کی جامعہ کب قائم ہوئی تھی؟

۴۔ الہ آباد کا پرانا نام کیا تھا۔

۵۔ ۱۵۸۳ء میں یہاں کس مغل بادشاہ نے قلعہ تعمیر کرایا تھا؟

۶۔ الہ آباد کا موجودہ نام ۱۵۸۳ء میں رکھا گیا تھا بتایئے اس کے نام کیا مطلب ہے؟

۷۔ الہ آباد میں کس قدیم بدھ حکمران کی لاٹ ستو سیاحوں کی دلچسپی کا باعث ہے؟

۸۔ یہ ہندوستان کے کس مشہور معروف سیاسی خاندان کا مسکن ہے؟

۹۔ انگریزوں نے الہ آباد پر قبضہ کب کیا تھا؟

۱۰۔ انگریزی دور حکومت میں کونسی عمارت میں انتظامی مرکز قائم کیا گیا تھا؟

۱۱۔ الہ آباد میں کونسی صنعتیں قائم ہیں؟

۱۲۔ الہ آباد کا کل رقبہ کتنا ہے؟

۱۳۔ انتظامی اعتبار سے الہ آباد کو یو پی کا صدر مقام ہونے کے علاوہ اور کیا حیثیت دی گئی ہے۔

۱۴۔ الہ آباد ڈویژن کون کونسے اضلاع پر مشتمل ہے؟

۱۵۔ انگریزوں کی سلطنت میں اسے باقاعدہ طور پر کب شامل کیا گیا تھا؟

۱۵۔ا۔ تحریک آزادی کے کس اہم واقعے میں الہ آباد کے رہنماؤں کا کردار بہت نمایاں رہا تھا؟

جوابات

۱۔اتر پردیش

۲۔گنگا

۳۔۱۸۷۷ میں

۴۔پراگ

۵۔اکبر نے

۶۔اشوک کی لاٹ

۷۔خدا گانہ شہر

۸۔نہرو خاندان کا

۹۔۱۷۶۵ء میں

۱۰۔اکبر کے قلعے ایوان اکبر میں

۱۱۔خوراک کی تیاری اور پیکنگ

۱۲۔۶۵۵۷ مربع کلومیٹر

۱۳۔یہ انتظامی ڈویژن بھی ہے

۱۴۔ ایٹھوا، فرخ آباد، فتحپور اور کانپور ۱۸۶۱ء میں

۱۵۔ ا۔ جنگ آزادی ۱۸۵۷ء میں

۱۵، ب، جامع مسجد، خسرو باغ اور زمین دوز مندر والا قلعہ

۵۔ آکسفورڈ

۱۔ انگلستان کے شہر آکسفورڈ کا رقبہ کتنا ہے؟

۲۔ یہ شہر برطانیہ کے کس مشہور شہر سے صرف ۵۵ میل کے فاصلے پر واقع ہے؟

۳۔ یہ شہر کس مشہور دریا کے کنارے آباد ہے؟

۴۔ ۷۲۷ء میں اس شہر میں کونسی عمارت قائم کی گئی؟

۵۔ تاریخ میں آکسفورڈ کا ذکر سب سے پہلے کب ملتا ہے؟

۶۔ خانہ جنگی کے دوران آکسفورڈ کس مشہور بادشاہ کی پناہ گاہ اور ہیڈکوارٹر کا کام دیتا تھا؟

۷۔ آکسفورڈ کا شہر بہت آہستہ آہستہ پروان چڑھا ۱۸۰۱ء میں یہاں پہلی بار رائے شماری ہوئی جس کے مطابق یہاں کی آبادی کتنی تھی؟

۸۔ چودھویں صدی میں اس شہر میں کتنے کالج قائم کئے گئے؟

۹۔ چودھویں صدی عیسوی میں آکسفورڈ کے کس رئیس نے وہاں کی تعلیمی بہبود کے لئے خاصی رقومات مختص کردی تھیں؟

۱۰۔ آکسفورڈ یونیورسٹی کی بنیاد قیاساً کس شخص نے رکھی تھی؟

۱۱۔ بارہویں صدی کے اواخر تک آکسفورڈ کی آبادی تین ہزار سے تجاوز کر چکی تھی اس وقت تک تمام تر تعلیم اساتذہ اپنے گھروں میں دیتے تھے

۱۲۔ بتایئے کس زبان میں تعلیم دی جاتی تھی؟

۱۳۔ بتایئے اس شہر کا مشہر ترین اور خوبصورت پل کون سا ہے

۱۴۔ بتایئے آکسفورڈ میں واقع کوئنز کالج ۱۳۴۰ء میں کس ملکہ کے نام پر قائم کیا گیا

۱۵۔ آکسفورڈ میں ایڈورڈ دوم کو اوریئیل کالج قائم کرنے کی ترغیب کس شخص نے دی تھی؟

۱۵۔ا، ملکہ الزبتھ اول نے ۱۵۷۱ء میں کس نام سے کالج کے قیام کی منظوری دی تھی؟

جوابات

۱۔تیرہ مربع میل

۲۔لندن سے

۳۔دریائے ٹیمز کے کنارے آباد ہے

۴۔۱۱۴۷ء

۵۔خانہ راہبات یا نن کا گھر

۶۔چارلس اول

۷۔بارہ ہزار تھی

۸۔چار

۹۔بیس پروفیسروں کو

۱۰۔الفرڈ اعظم

۱۱۔لاطینی زبان میں

۱۲۔میگڈ مین پل

۱۳۔پچاس ہزار تک

۱۴۔ملکہ فلپہ

۱۵۔کلرک آدم بروم

۱۵۔ □Juses جیمس کالج

٦۔ اوک لینڈ

۱۔ اوک لینڈ کس ملک کا صنعتی شہر اور بندرگارہ ہے؟

۲۔ ملک کا مشہور شہر اور بندرگاہ بتائیے، یہ کس دریافت میں واقع ہے؟

۳۔ یہ کس خلیج کے مشرقی ساحل پر آباد ہے؟

۴۔ یہ شہر ملک کی ایک کاؤنٹی کا انتظامی مرکز بھی ہے بتائیے کس کاؤنٹی کا؟

۵۔ اس شہر کی جگہ ۱۸۵۱ء میں ایک شخص نے خریدی تھی بتائیے کس نے؟

۶۔ ۱۹۳۶ء میں یہاں کس پل کا افتتاح ہوا جو کہ آٹھ میل لمبا ہے اور جو اس شہر کو سان فرانسیکو سے ملاتا ہے؟

۷۔ اس شہر کا نام اوک لینڈ کس خاص وجہ سے رکھا گیا؟

۸۔ ۱۸۵۴ء کو اس شہر کی تاریخ میں کیا اہمیت ہے؟

۹۔ ۱۸۵۳ء میں اس شہر میں ایک پل بنا دیا گیا جو اس شہر کو اسکے ایک علاقے سے ملاتا ہے جو کہ ایک دلدل کی وجہ سے علیحدہ تھے۔ بتائیے کس علاقے کو یہ پل ملاتا ہے؟

۱۰۔ ۱۸۶۹ء میں کس ریلوے لائن کی تعمیر کے لیے اس شہر کو چنا گیا؟

۱۱۔ ۱۹۰۶ء میں اس شہر کی آبادی بڑھنے لگی، بتائیے کس خاص وجہ سے؟

۱۲۔ اس شہر میں ایک بین الاقوامی ہوائی اڈہ بھی واقع ہے۔ بتائیے ہوائی اڈہ کس نام سے مشہور ہے؟

۱۳۔ اس شہر کے مرکزی تجارتی علاقے میں ایک کھاری پانی کی نہر ہے بتائیے یہ ہنر کس نام سے مشہور ہے؟

۱۴۔ اس شہر میں ایک مشہور مصنف کے نام پر ایک اسکوائر واقع ہے۔ جس نے یہاں پر اپنا لڑکپن گزارہ تھا۔ بتائیے کس مصنف نے؟

۱۵۔ اس شہر کا تعلق ایک پیغمبر سے بھی بتایا جاتا ہے۔ بتائیے کس پیغمبر سے؟

۱۵۔ا۔ اس شہر کا موجودہ نام اوک لینڈ کس سال رکھا گیا؟

۱۵۔ب۔ اس شہر کا نام اوک لینڈ کس نے رکھا؟

جوابات

۱۔امریکا

۲۔کیلیفورنیا

۳۔سان فرانسسکو خلیج

۴۔المیدہ کاونٹی کا

۵۔ہورلیس ڈبلیو کارپینٹر نے

۶۔ سان فرانسکو اوک لینڈ بے سرج

۷۔شاہ بلوط کے درختوں کی وجہ سے

۸۔اس شہر کو ایک شہر کی حیثیت دی

۹۔بروکلین

۱۰۔پہلی ٹرانس کانٹینینٹل ریلروڈ

۱۱۔سان فرانسکو میں زلزلے کی تباہ کاریوں کیوجہ سے مہاجرین یہاں آباد ہونے لگے

۱۲۔میٹرو پولیٹن اوک لینڈ انٹر نیشنل

۱۳۔لیک میرٹ

۱۵۔جیک لندن جس کے نام پر جیک لندن اسکوائر واقع ہے

۱۵۔حضرت موسیٰ

۱۵،ا،۱۸۵۲ء میں

۱۵۔ب۔ ہورلیس ڈبلیو کارپینٹر نے

۷۔ ام درمان

۱۔ بتایئے یہ شہر کس ملک میں واقع ہے؟

۲۔ یہ شہر نے کس صوبہ کا ایک اہم شہر ہے؟

۳۔ اس شہر کو کس شخص نے فتح کرنے کے بعد علاقائی مرکز بنا دیا؟

۴۔ ۱۸۹۸ء میں ام درمان پر کس قوم نے اپنا تسلط قائم کرلیا تھا؟

۵۔ بتایئے تعلیمی میدان میں ۱۹۶۱ء میں کس ادارے کا وجود عمل میں آیا؟

۶۔ کس دریا کے بائیں کنارے پر ام درمان آباد ہے؟

۷۔ اس شہر کو کس مشہور انگریز نواب لارڈ نے اپنی جائے سکونت بنایا جو مسلمان فاتح کے بعد یہاں آیا تھا؟

۸۔ اس شہر کے بالکل قریب کن دو دریاؤں کا سنگم ہوتا ہے؟

۹۔ ام درمان شہر کی آبادی ۱۹۷۲ء میں مردم شماری کے مطابق کتنی ہے

۱۰۔ اس شہر میں بندرگاہ کے نہ ہونے کے باوجود شہر کی بیشتر تجارت کس ذریعے سے کی جاتی ہے؟

۱۱۔ اس شہر کی یونیورسٹی میں اسلامی قوانین اور نظریہ کی تعلیم دی جاتی ہے، بتا یئے اس سلسلہ میں یہ کس خاص ادارے سے منسلک ہے؟

۱۲۔ ام درمان کی مقامی صنعت کن چیزوں پر مشتمل ہے، چیزوں کا نام بتائیں؟

۱۳۔ خلیفہ المہدی کے بعد اس شہر کو کس مسلمان حکمران نے اپنی حکومت کا صدر مقام بنایا؟

۱۴۔ موجودہ شہر کی بنیاد کب رکھی گئی؟

۱۵۔ خلیفہ عبداللہ کے گھر کو آجکل کس مقصد کے لئے استعمال کیا جاتا ہے؟

۱۵۔ا، ستمبر ۱۸۹۸ء میں کس جنرل کی سربراہی میں اس شہر کو مسلمانوں سے چھین لیا گیا؟

۱۵ب، اس شہر کو ۱۸۸۵ء میں جب مسلمانوں نے فتح کیا اس وقت یہ علاقہ کن لوگوں کے زیر انتظام تھا؟

۱۵، ج، اس شہر میں کس مشہور مسلمان خلیفہ کا مزار واقع ہے؟

جوابات

۱۔سوڈان

۲۔خرطوم صوبہ کا

۳۔برطانیہ نے

۵۔ اسلامک یونیورسٹی آف ام د رمان

۶۔دریائے نیل

۷۔جنرل ہربرٹ کچنر

۸۔نیل ابیض اور بلیو نائل

۹۔ ۲۸۹،۰۰۰

۱۰۔ٹرکوں کے ذریعے

۱۱۔شہر کی جامع مسجد سے

۱۲۔برتن سازی

۱۳۔خلیفہ عبداللہ نے

۱۴۔۱۸۸۵ء میں

۱۵۔عجائب گھر کی عمارت کے لئے

۱۵،ا،جنرل کچنر

۱۵۔ب انگریزوں کے

۱۵۔ج خیلفہ المہدی کا

۸۔ اوساکا

۱۔ جاپان کے شہر اوساکا میں ایشیاء کا سب سے بڑا صنعتی میلہ منعقد ہوا تھا بتایئے اس کا نام کیا تھا؟

۲۔ پندرھویں صدی میں اوساکا فنون لطیفہ کا مرکز بن گیا اس سے پہلے ملک کا ایک دوسرا شہر فنون لطیفہ کا مرکز تھا جو تباہ ہو گیا تھا اس کا نام بتایئے؟

۳۔ ملک کا دوسرا بڑا شہر اور خلیج اوساکا کی بندرگاہ تجارت کا خاص مرکز ہے یہاں چھٹی صدی عیسوی کا تعمیر کردہ ایک خاص مندر ہے بتایئے کس مذہب کا؟

۴۔ یہ شہر پتلیوں کے تماشا گھر کے لئے بھی مشہور ہے اور یہاں متعدد یونیورسٹی بھی ہیں، بتایئے یہ کس جزیرے پر واقع ہے؟

۵۔ یہ شہر ٹوکیو کے مغرب میں ۵۰۰ کلومیٹر کے فاصلے پر سطح سمندر سے بتایئے یہ کتنے فٹ کی بلندی پر واقع ہے؟

۶۔ جاپان کی آزادی اور صنعتی سرگرمیوں میں اسے اہم مقام حاصل ہے؟ بتایئے اس کو ملک کی تجارت میں اہم کردار ادا کرنے کی وجہ سے کیا کہا جاتا ہے؟

۷۔ کتنے ہزار برس قبل اوساکا جاپان کا دارالحکومت تھا؟

۸۔ اوساکا سے ٹوکیو کو ایک الیکٹرک ٹرین جو مونوریل کہلاتی ہے، لے جاتی ہے بتایئے اس کی رفتار کتنے میل فی گھنٹہ ہے؟

۹۔ اوساکا کا بین الاقوامی ہوائی اڈہ کونسا ہے؟

۱۰۔ تعلیمی اعتبار سے بھی یہ شہر بڑا ترقی تافتہ ہے یہاں متعدد تعلیمی ادارے اور یونیورسٹیاں بھی ہیں، بتایئے یہ شہر میں کتنے پارک ہیں؟

۱۱۔ اوساکا شہر میں ریڈیو اسٹیشن اور ٹیلی ویژن اسٹیشن بھی ہیں

۱۲۔ اوساکا میں کونسا مشہور مندر واقع ہے؟

۱۳۔ اوساکا کے ایک ڈیپارٹمنٹل سٹور میں ۱۴ مئی ۱۹۷۲ کو آگ کے شعلے

بھڑک اٹھے بتایئے اس سے کتنے افراد ہلاک ہوئے تھے؟

۱۴۔ یہاں کی عمارتوں میں سومی پوشی کی خانقاہ اور مونسپل آرٹ میوزیم قابل ذکر ہیں، کن حکمرانوں نے ۱۸۶۷ء۱۶۰۳ء میں یہاں ایک تجارتی مرکز قائم کیا تھا؟

۱۵۔ ۱۵۸۴ء میں اوساکا میں تعلیمی میدان میں کون سی عمرت قائم کی گئی؟

جوابات

۱۔ Exrpo

۲۔ کیوٹو

۳۔ بدھ مذہب کا

۴۔ جزیرہ ہونشو

۵۔ ۴۰ فٹ کی بلندی پر

۶۔ شکا گو آف جاپان

۷۔ دو ہزار سال قبل

۸۔ ۱۵۰ میل فی گھنٹہ

۹۔ ایٹامی

۱۰۔ دو پارک ہیں

۱۱۔ چار ریڈیو اسٹیشن چار ٹیلی ویژن اسٹیشن

۱۲۔ شنتو جی مندر

۱۳۔ ۱۰۰ افراد ہلاک ہوئے

۱۴۔ ٹوکر گاوا حکمرانوں نے

۱۵۔ سب سے قدیم یونیورسٹی

۹۔ آریکیپا

۱۔ بتایئے آریکیپا کس ملک میں واقع ہے؟

۲۔ ۱۵۴۰ء کی اس شہر کی تاریخ میں کیا اہمیت ہے؟

۳۔ اس شہر کو بسانے والے کا نام بتایئے؟

۴۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ اس شہر کو آباد کرنے والے کون تھے؟

۵۔ کیا آپ اس شہر کا پرانا نام جانتے ہیں؟

۶۔ یہ شہر سطح سمندر سے کتنا بلند ہے؟

۷۔ آریکیپا شہر کس آتش فشاں پہاڑ کے کنارے واقع ہے؟

۸۔ برف سے ڈھکے ہوئے اس آتش فشاں کی بلندی کتنی ہے؟

۹۔ اس آتش فشاں نے شہر کو کئی بار نقصان پہنچایا ہے۔ بتایئے حال ہی میں یہ آتش فشاں کس سن میں پھٹا تھا؟

۱۰۔ بتایئے پیرو کا یہ شہر کس پیداوار کی وجہ سے مشہور رہے؟

۱۱۔ ۱۸۶۸ء میں یہاں کونسی تعلیمی درسگاہ قائم ہوئی تھی؟

۱۲۔ ۱۹۶۱ء میں یہاں کونسی یونیورسٹی قائم کی گئی تھی؟

۱۳۔ یہاں کا سالانہ اوسط درجہ حرارت بتایئے؟

۱۴۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ اس شہر میں سالانہ کتنی بارش ہوئی ہے؟

۱۵۔ چلی نامی وادی میں واقع یہ شہر ملک کے کس صوبے میں واقع ہے؟

۱۵۔ا۔ اس شہر کی بیشتر عمارتیں ایک مخصوص قسم کے پتھر سے بنائی گئی ہیں، بتایئے کس پتھر سے؟

۱۵۔ب۔ اس شہر کی قابل دید عمارات میں کھیتڈرل بھی شامل ہے جو کہ سترھویں صدی میں قائم کیا گیا تھا، بتایئے کس سنہ میں؟

جوابات

۱۔ پیرو

۲۔ اس شہر کو قائم کیا گیا

۳۔ فرانسسکو پزارو

۴۔ ہماری خوبصورت وادی کی فرضی عورت

۵۔ ۲۳۰۴ میٹر یا ۷۵۵۴ فٹ

۶۔ ال مستی آتش فشان

۷۔ ۱۹۶۰ء میں ۸۔ ۵۸۶۱ میٹر

۸۔ یہ ملک کا سب سے بڑا اون تیار کرنیوالا شہر ہے

۹۔ نیشنل یونیورسٹی آف سینٹ آگسٹن

۱۰۔ ساشا ماریا کی کیتھولک یونیورسٹی

۱۱۔ ۱۴ ڈگری سنٹی گریڈ

۱۲۔ ۱۰۰ ملی میٹر چار انچ

۱۳۔ آریکیپا نامی صوبہ میں جو کہ اس شہر کا ہم نام صوبہ ہے

۱۴۔ سلر نامی پتھر سے جو کہ سفید رنگ کا آتش فشاں پتھر ہوتا ہے اور اس علاقے میں پایا جاتا ہے

۱۵۔ ۱۶۱۲ء میں

۱۰۔ اسٹوٹ گارٹ

۱۔ کیا آپ جانتے ہیں یہ شہر کس ملک میں واقع ہے؟

۲۔ یہ شہر ملک کی ایک ریاست کا صدر مقام بھی ہے۔ ریاست کا نام بتائیے؟

۳۔ یہ شہر ایک وادی میں جس میں وائن کے درختوں کی بہتات ہے، واقع ہے آپ بتائیے یہ کس دریا کے بائیں کنارے پر ہے؟

۴۔ بتائیے اس شہر کی بندرگاہ کا افتتاح کب کیا گیا؟

۵۔ اس شہر کی عمارتوں میں چند مشہور عمارتیں اسٹوٹ گارٹ میں ہیں جن میں ہیلٹس پیچولوس کے علاوہ کونسی عمارت مشہور ہے؟

۶۔ ۹۶۰ء میں اسٹوٹ کو کس ڈیوک نے بنیاد بنایا تھا؟

۷۔ سترھویں صدی میں کس حکمران نے اس پر حملہ کیا تھا؟

۸۔ انیسویں صدی میں اسٹوٹ گارٹ سے کن مقامات تک راستے بنائے گئے تھے؟

۹۔ اسٹوٹ گارٹ کس نام کی وادی میں واقع ہے وادی کا نام بتائیے؟

۱۰۔ اسٹوٹ گارٹ کی وادی میں واقع دریائے سیدھے کنارے پر کونسے مقامات واقع ہیں؟

۱۱۔ اسٹوٹ گاٹ کے شمال میں کونسے علاقے واقع ہیں ان کا نام بتائیے

۱۲۔ اس شہر کی عمارات میں پندرھیوں صدی کی کونسی عمارت شرت کی حامل ہے؟

۱۳۔ ۱۸۰۶ء میں اسٹوٹ گارٹ پر شاہی حکومت کی بتائیے کس جگہ کے ڈیوک نے؟

۱۴۔ ۱۴۸۶ء میں یہ شہر ملک کی کس کاؤنٹی کا صدر مقام بنا؟

۱۵۔ ۸۴۔۱۶۸۱ء میں کس فرانسیسی حکمران کے حملوں کے بعد اس شہر کی

اہمیت بالکل کم ہوگئی جو انیسویں صدی کے صنعتی انقلاب تک جاری رہی؟

۱۵۔ا، ۱۷۶۸ اور ۱۷۸۵ء کے درمیان کون سی عمارت تعمیر کی گئی جو آجکل کالج ایگریکلچر کی عمارت کے لئے استعمال کی جاتی ہے؟

۱۵۔ب۔ بتائیے اس شہر میں کاریں بنانے والی کونسی کمپنی ہے جو کہ مرسڈیز بینز نامی مشہور کاریں بناتی ہے؟

جوابات

۱۔مغربی جرمنی

۲۔باون ورٹن برگ

۳۔دریائے نیکر

۴۔۱۹۵۸ء میں

۵۔نیوس سچلوس

۶۔ڈیوک یوپولڈ آف ویٹنبرگ

۷۔روڈولف آف مالبیرگ

۸۔سوئٹزر لینڈ ، میونخ اور پیور مبرگ

۹۔وادی رائن

۱۰۔کنسٹاٹ، انٹرٹرک ہائیم

۱۱۔فیوربیک، زوفن ہاوس

۱۲۔گوتھک لیونارڈ چرچ

۱۳۔ڈیوک آف ورٹم برگ

۱۴۔ورٹن برگ کاونٹی

۱۵۔لوئیس پنجم کے حملوں کے بعد

۱۵،ا۔ہونہیم محل

۱۵،ب۔ڈی ڈیملر بنیر

اماہا

۱۔ بتائیے یہ کس **ملک** کا شہر اور بندرگاہ ہے؟

۲۔ یہ **ملک** کی کس کاؤنٹی کا انتظامی مرکز ہے؟

۳۔ یہ شہر **ملک** کے کس دریا کے مغربی کنارے پر واقع ہے؟

۴۔ یہ شہر **ملک** کی کس ریاست میں واقع ہے؟

۵۔ بحری راستے سے اس شہر کی بیشتر پیداوار کس شہر کو لے جائی جاتی ہے؟

۶۔ ۱۸۵۴ءکو اس شہر کی تاریخ میں کیا اہمیت ہے؟

۷۔ اس شہر کے بالمقابل ،**ملک** کی دوسری ریاست واقع ہے، بتائیے کونسی ریاست؟

۸۔ اس شہر کی بنیاد سے قبل ۱۸۰۴ء میں کون سے دو جہاز راں یہاں سے گزرے تھے؟

۹۔ ۱۸۱۲ء کی امریکہ کی جنگ کے دوران کون سے تاجر نے یہاں پر تجارتی پوسٹ قائم کی تھی؟

۱۰۔ بتائیے اس شہر کا نام اوماہا پڑنے سے قبل یہ شہر کن ناموں سے مشہور رہا ہے ؟

۱۱۔ جب اس شہر کی بنیا درکھی گئی تو یہ کس علاقہ کا صدر مقام بنایا گیا؟

۱۲۔ اس شہر کے نام کی وجہ تسمیہ بتائیے؟

۱۳۔ ۱۸۶۷ء میں اس شہر کی کس حیثیت کو ختم کر دیا گیا اور کس وجہ سے؟

۱۴۔ ۱۸۸۸ء میں کس واقعہ کی وجہ سے اس شہر کی آبادی مستقل طور پر کم ہوتی گئی

۱۵۔ اس شہر کے قریب ہی **ملک** کا ائرفورس بیس واقع ہے بتائیے یہ کس نام سے مشہور رہے؟

۱۵،ا۔ ۱۹۰۸ء میں اس شہر میں میونسپل یونیورسٹی آف اوماہا قائم کی گئی بتائیے اب یہ یونیورسٹی کس نام سے مشہور ہے؟

۱۵،ب۔ اس شہر میں تین یونیورسٹیاں واقع ہیں بتائیے ان میں سے سب سے قدیم کونسی ہے۔؟

جوابات

۱۔امریکہ	۱۰۔ ونٹر کوارٹرز ورفلورنس کے ناموں سے
۲۔ڈگلس کاؤنٹی	۱۱۔ یہ نام اوماہا کے انڈین لوگوں کے نام پر رکھا گیا
۳۔دریائے منروی	۱۲۔ نبراسکا کا
۴۔نبراسکا	۱۳۔ نبراسکا کا ریاست بن جانیکی وجہ سے اس شہر سے صدر مقام ہٹالیا گیا
۵۔شکاگو،	۱۴۔ اس شہر میں برفانی طوفان کی وجہ سے
۶۔اس شہر کی بنیادرکھی گئی	۱۵۔ آفٹ ائرفورس بیس
۷۔آئی وا	۱۵،ا یونیورسٹی آف نبراسکا کے نام سے
۸۔میری و بدر لوئیس اور ولیم کلارک	۱۵،ب۔ ۱۸۷۸ء میں قائم ہونے والی کریٹن یونیورسٹی
۹۔میونول لینر	

۱۲۔ اومسک

۱۔ اومسک کس ملک کا شہر ہے۔

۲۔ اومسک ملک کے کس صوبے میں واقع ری پبلک میں واقع ہے۔ صوبے کا نام بتائیں؟

۳۔ ۱۸۰۴ء میں اس شہر کو کیا حیثیت دے دی گئی تھی؟

۴۔ اومسک اپنے ملک کی کس مشہور ریلوے لائن سے ملحق ہے ریلوے لائن کا نام بتایئے؟

۵۔ یہ شہر ایک دریا سے ملحق ہے اس دریا کا نام بتائیں۔؟

۶۔ ۱۷۱۶ء کی اس شہر کی تاریخ میں کیا اہمیت ہے؟

۷۔ جب اومسک کو شہر کی حیثیت دی گئی تو یہ شہر اس سے قبل کس حیثیت سے مشہور تھا؟

۸۔ ۱۹، ۱۹۱۸ء میں یہ شہر کس ایڈمرل کی حکومت کا انتظامی مرکز بن گیا؟

۹۔ یہاں سے کون سی دو اشیاء اندرون ملک کثرت سے فراہم کی جاتی ہیں؟

۱۰۔ ۱۸۹۰ء میں کس تعمیر کی وجہ سے شہر کے دریا کی اہمیت بڑھ گئی؟

۱۱۔ بتایئے یہ شہر ملک کے کس خطے کا انتظامی مرکز ہے؟

۱۲۔ اس شہر کی بنیاد توبول اور دریائے ارتائش کے درمیان کس نام کی جگہ پر رکھی گئی؟

۱۳۔ ۱۹ویں صدی تک یہ علاقہ روس کے کس علاقے کا ملٹری کا انتظامی مرکز بنا رہا؟

۱۴۔ یہ شہر انجینیرنگ کے میدان میں کافی آگے ہے بتایئے یہاں کس خاص شعبے سے متعلق مشینیں تیار کی جاتی ہیں؟

۱۵۔ اس شہر کے قریب ہی یہاں کے دریائے ارتائش کا سنگم ایک دوسرے

دریا سے ہوتا ہے بتائیے کس دریا سے؟

جوابات

۱۔روس

۲۔RSFSR

۳۔ایک شہر کی

۴۔ٹرانس سائبرین ریلوے لائن

۵۔دریائے ارتائش

۶۔اس شہر کی بنیاد رکھی گئی

۷۔ ایک چھوٹے سے زرعی علاقے کی حیثیت سے

۸۔ایڈمرل اے وی کولچک

۹۔گوشت اور مکھن

۱۰۔ٹرانس سائبرین ریلوے لائن کی تعمیر کی وجہ سے

۱۱۔اومسک اوبلاسٹ

۱۲۔اشم کے مقام پر

۱۳۔سائبرین کوساکس

۱۴۔زرعی شعبے سے متعلق

۱۵۔دریائے اوم

۱۶،۱۵۔شہر کے قریب واقعہ دریائے اوم

۱۳۔ اوسٹراوا

۱۔ بھاری صنعت کا مرکز اوسٹراوا کن دو دریاؤں کے درمیان آباد ہے؟

۲۔ بتائیے یہ شہر کس ملک میں واقع ہے؟

۳۔ دریا کے دونوں کناروں پر آباد اوسٹراوا جس میں ایک کنارے پر آبادی کو موراوین، کہتے ہیں بتائیے دوسرے کنارے پر آباد آبادی کو کس نام سے پکارتے ہیں؟

۴۔ بتائیے یہ شہر ملک کے کس خطے میں واقع ہے؟

۵۔ یہ شہر کوئلہ کی پیداوار کا اہم مرکز بھی ہے بتائیے کوئلہ یہاں کی کس صنعت میں کثرت سے استعمال ہوتا ہے؟

۶۔ اوسٹراوا کے پرانے صنعتی علاقے کو کس نام سے پکارتے ہیں؟

۷۔ یہاں معدنیات کے آلات، زراعت کے آلات بنتے ہیں اس شہر کے کس مقام پر اسٹیل کی ٹیوب بنتی ہیں؟

۸۔ اوسٹراوا میں کس جگہ اسٹیل کا پلانٹ لگایا گیا ہے؟

۹۔ اوسٹروا کس ملک سے اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے خام لوہا برآمد کرتا ہے؟

۱۰۔ اوسٹراوا کی بنیاد کس شخص نے رکھی تھی جو کہ اولومک کا بشپ بھی تھا؟

۱۱۔ اس شہر کے سٹیل پلانٹ کو لوگ کس نام سے پکارتے ہیں؟

۱۲۔ ۱۲۶۷ء کی اس شہر میں کیا اہمیت ہے؟

۱۳۔ ۱۴۹۵ء میں اس شہر کی کس مشہور عمارت کو زمین بوس کردیا گیا

۱۴۔ ۱۲۸۷ میں اس شہر کی کونسی تاریخی عمارت کی تعمیر ہوئی۔؟

۱۵۔ اس شہر میں ۱۸۳۰ء میں پہلی لوہے کی بھٹی بنائی گئی بتائیے کس کارخانے میں؟

۱۵،۱۔ یہ شہر ریل کے ذریعے کس ملک سے ملا ہوا ہے؟

جوابات

۱۔ دریائے اوسٹراوائس اور دریائے دور چیگو تلہ واکیہ
۲۔ سلی سین اوسٹراوا
۳۔ سلیسیا
۴۔ اسٹیل کی صنعت
۵۔ وٹکووائس
۶۔ کرووینا
۷۔ نواہٹ
۸۔ روس سے
۱۰۔ برونو نے
۱۱۔ گوٹ والڈورکس
۱۲۔ اس شہر کی بنیاد رکھی گئی
۱۳۔ اس شہر کی قلعہ نما حویلی کو
۱۴۔ اولڈٹاؤن حال
۱۵۔ وٹکواوٹس
۱۵،۱۔ پولینڈ سے

۱۴۔ اوڈینس

۱۔ بتائیے یہ کس مشہور ملک کا شہر ہے؟

۲۔ اوڈینس کی یونیورسٹی جو ملک کی تیسری بڑی یونیورسٹی ہے۔ یہاں آرٹ میوزیم اور آرکیالوجی کے میوزیم کے علاوہ کس مضمون کا میوزیم ہے؟

۳۔ ۱۸۰۵ء میں اوڈینس میں ایک شہرہ آفاق مصنف پیدا ہوا اس کا نام بتائیے؟

۴۔ اوڈینس کی صنعت میں تمباکو، ٹیکسٹائل، چینی، لوہے کی مصنوعات ہیں کونسی دو چیزوں کی یہاں تجارت مشہور ہے؟

۵۔ ۱۸۰۴ء میں اس شہر میں کس تعمیر کی تکمیل کی وجہ سے بندرگاہ کی تجارت میں کافی اضافہ ہوا۔؟

۶۔ بتائیے یہ شہر کس امتسکمیون کا صدر مقام شہر اور انتظامی مرکز ہے؟

۷۔ یہاں ایک مشہر موسیقار بھی پیدا ہوا آپ اس کا نام بتائیے؟

۸۔ اس شہر کی مشہور نہر، اوڈینس نہر، کب استعمال کے لیے کھولی گئی؟

۹۔ اوڈینس ایک شاہی معرکے میں نذر آتش بھی ہوا بتائیے یہاں کے مشہور کیتھڈرل کا کیا نام ہے؟

۱۰۔ اوڈینس کا محل جو یہاں کی عمارت میں نمایاں ترین ہے بتائیے س کو کس بادشاہ نے بنوایا تھا؟

۱۱۔ اس شہر کا ذکر پہلی بار کس سنہ میں آیا ہے؟

۱۲۔ اس شہر میں ۱۰۸۶ء میں کینوٹ دوئم کو کس چرچ میں توپ کے گولے کے ساتھ اڑا دیا گیا تھا؟

۱۳۔ کس سنہ میں یہ شہر شاہی چپقلش میں جلا دیا گیا؟

۱۴۔ ۱۷۲۰ء میں اس شہر کی کونسی عمارت کو فریڈرک چہارم نے دوبارہ تعمیر کرایا

جو کہ آجکل کاؤنٹی کے انتظامی دفتر کے لیے استعمال کی جاتی ہے؟

۱۵۔ یہ شہر کس مشہور دریا کے کنارے آباد ہے؟

۱۵،۱۔ قدیم زمانے میں یہ شہر مذہبی اعتبار سے مقدس تسلیم کیا جاتا تھا بتایئے اس زمانے میں یہ کس نام سے مشہور تھا؟

جوابات

۱۔ڈنمارک کا	۹۔ گوتھک سینٹ کینوٹ
۲۔میوزیم آف ہسٹری تاریخ	۱۰۔فریڈرک چہارم نے
۳۔ہان کرسچن اینڈرسن	۱۱۔۱۰۰۰ء میں
۴۔گوشت اور مچھلی	۱۲۔سینٹ البان کے چرچ میں
۵۔حاربر	۱۳۔۱۶۴۷ء میں
۶۔فائنس	۱۴۔اوڈینس کیسل
۷۔کارل نیسن	۱۵۔دریائے اوڈینس اے
۸۔۱۸۰۴ء میں	۱۵،۱۔اوڈن کا جو کہ ان کا خطرہ

۱۵۔ اوڈیسا

۱۔ اوڈیسا ایک مشہور شہر ہے۔ بتائیے یہ کس ملک میں واقع ہے؟

۲۔ اوڈیسا ایک سمندر سے ملحق اور اوڈیسا خلیج سے وابستہ ہے بتائیے اس سمندر کا نام کیا ہے؟

۳۔ اس شہر میں ایک جدید، ریلوے اسٹیشن اور ایک اہم بندرگاہ بھی ہے بتائیے اس شہر کو کس قوم نے بسایا؟

۴۔ ۱۷۹۱ء میں یہ شہر تمام کا تمام کس ملک سے وابستہ ہو گیا تھا۔ ملک کا نام بتائیے؟

۵۔ ترکوں کیبعد جب اس شہر کو دوبارہ زندگی ملی تو کونسی قوم یہاں غالب آ گئی تھی؟

۶۔ اوڈیسا کو کیا انتظامی و شہری درجہ میسر ہے؟

۷۔ بتائیے کس چیز کی تجارت میں اوڈیسا مشہور ہے؟

۸۔ بتائیے یہ شہر روس کی کس ری پبلک میں واقع ہے؟

۹۔ ۱۹۵۷ء میں یہاں ایک نئی بندرگاہ قائم کی گئی تھی بتائیے یہ یہاں سے کتنے میل کے فاصلے پر واقع ہے؟

۱۰۔ اوڈیسا کئی کلاسیکل عمارات کے علاوہ کیتھڈرل اور چرچ ہیں بتائیے یہاں کس عقیدے کے مسیح بستے ہیں؟

۱۱۔ جنیقی میدان میں اوڈیسا میں بجلی کے آلات کے علاوہ اور کس صنعت کے آلات تیار ہوتے ہیں۔؟

۱۲۔ موجود شہر کی تاریخ چودھویں صدی سے لی جاتی ہے بتائیے اس جگہ تا تاریوں نے کونسا مشہور قلعہ بنایا؟

۱۳۔ سیمنٹ، گلاس ٹیکسٹائل، کپڑے کی صنعت کے علاوہ اور کونسی صنعت

یہاں اہمیت رکھتی ہے؟

۱۴۔ بتائیے یہ شہر ۱۷۶۴ء میں کن لوگوں کے قبضہ میں آ گیا؟

۱۵۔ ۱۷۸۹ء میں یہ شہر کن لوگوں کی تباہ کاریوں کا نشانہ بنا؟

۱۵،ا۔ اس شہر کا نام اوڈیسا کس نام پر رکھا گیا؟

جوابات

۱۔ روس میں

۲۔ بحیرہ اسود

۳۔ یونانیوں نے

۴۔ سوویت روس سے

۵۔ تاتاری

۶۔ کاسموپولیٹن شہر

۷۔ چینی کی تجارت میں

۸۔ اکرینٹس ری پبلک

۹۔ پندرہ میل کے فاصلے پر

۱۰۔ رومن کیتھولک ملک طبقے نے

۱۱۔ زرعی آلات

۱۲۔ خذربی اور فارما کیوٹیکل

۱۳۔ فلم انڈسٹری

۱۴۔ ترکوں کے

۱۵۔ روسیوں کی

۱۵۔ ا، قدیم یونانی نو آبادی اور ڈلیس کے نام پر

۱۶۔ اوران

۱۔ اوران کی عمارات میں یونیورسٹیاں اور لائبریریاں اور عجائب گھر ہیں بتائیے یہاں کتنے عجائب گھر ہیں؟

۲۔ بتائیے یہ شہر کس ملک کا بڑا شہر اور بندرگاہ ہے؟

۳۔ بتائیے اس شہر کو عرب اور فرانسیسی کس نام سے پکارتے ہیں؟

۴۔ یہاں کی صنعتی پیداوار میں سیمنٹ، گلاس، فرٹیلائزر، کیمیکل ٹیکسٹائل، تمباکو اور اسٹیل شامل ہے یہاں سے قدرتی گیس کی پائپ لائن ۴۰ میل وہ کس شہر میں جاتی ہے؟

۵۔ اوران کس سمندر کے قریب واقع ہے؟

۶۔ ۱۸۳۱ء میں اس شہر کو کن لوگوں نے اپنے قبضہ میں لے لیا تھا؟

۷۔ ترکوں کا بنایا ہوا کونسا قلعہ ۱۷۹۰ء میں زلزلہ کا شکار رہوا؟

۸۔

۹۔ بتائیے یہ شہر ملک کے کس صوبے میں واقع ہے؟

۱۰۔ ۱۵۰۹ء میں اوران میں کس قوم نے اپنی فوجی برتری سے قبضہ جمالیا؟

۱۱۔ اس شہر کی بنیاد کس صدی میں رکھی گئی؟

۱۲۔ ۱۴۳۷ء میں اس شہر کی بندرگاہ کس سلطنت کے لیے اہم معاشی کردار ادا کرنے لگی ہے؟

۱۳۔ ۱۷۰۸ء میں کن لوگوں نے اس شہر پر قبضہ کرلیا تھا؟

۱۴۔ ۱۷۳۲ء میں اسپین کے اس شہر کو حاصل کر لینے کے بعد ۱۷۹۰ء کے کس خاص واقعہ کی وجہ سے یہ شہر دوبارہ ترکوں کے ہاتھ میں آ گیا؟

۱۵۔ نومبر ۱۰،۱۹۵۲ء میں دوسری عالمگیر جنگ کے دوران کس قوم نے س شہر پر قبضہ کیا؟

۱۵ا۔ ۱۷۹۲ء میں اوران میں ترکوں نے کون سے مشہور مسجد تعمیر کی؟

۱۵ب۔ ۱۹۶۵ء میں اس شہر میں کون سی یونیورسٹی قائم کی گئی؟

جوابات

۱۔ ایک لائبریری اور دو عجائب گھر ہیں

۲۔ الجزائر کا

۳۔ عربی میں دھران اور فرانسیسی میں اوڑھان کہتے ہیں

۴۔ ارزیو

۵۔ بحیرہ روم

۶۔ فرانسیسیوں نے

۷۔ سانتا کروز

۸۔

۹۔ اس شہر کے ہم نام صوبہ میں

۱۰۔ ہسپانیوں نے

۱۱۔ دسویں صدی میں

۱۲۔ سلطنت قلم سن

۱۳۔ ترکوں نے

۱۴۔ زلزلے کی تباہ کاریوں کی وجہ سے یہ شہر خالی کر دیا گیا۔ اور ترکوں نے اس پر قبضہ کر لیا

۱۵۔ امریکیوں نے

۱۵ا۔ پاشا کی جامعہ مسجد

۱۵ب۔ یونیورسٹی ڈی اوران

۱۷۔ بصرہ

۱۔ بتایئے عراق میں شط العرب کے کنارے خلیج فارس سے کتنی دور شہر بصرہ واقع ہے؟

۲۔ بتایئے ۱۵ھ میں کس کے حکم سے اس شہر کو تعمیر کیا گیا تھا؟

۳۔ اس شہر سے کس مقام تک گیس کی پائپ لائن جاتی ہے؟

۴۔ بصرہ کے قریب زبیر کی قدیم عرب بندرگاہ سے کس مشہور جہاز ران نے اپنا بحری سفر شروع کیا تھا؟

۵۔ ۹۴۱ھ ۱۵۳۴ء میں کن کی فتح سے اس شہر کی آبادی میں سنیوں کا عنصر جو پہلے سے غالب تھا مزید قوی ہو گیا تھا۔؟

۶۔ ۱۳۳۳ھ ۱۹۱۴ء میں اس شہر پر کس کا قبضہ ہوا تھا؟

۷۔ بتایئے ۱۳۶۸ھ ۱۹۴۸ء میں اس شہر میں زبیر کی نواح میں کس چیز کا ایک بہت بڑا ذخیرہ دریافت ہوا تھا؟

۸۔ ۱۹۶۸ء میں یہاں تیل صاف کرنے کا ایک بڑا کارخانہ قائم ہوا، بتایئے یہ سالانہ کتنا تیل صاف کرتا ہے؟

۹۔ بتایئے ۱۶۶۸ء میں اس شہر پر کس ملک نے قبضہ کیا؟

۱۰۔ ۱۳۷۱ھ ۱۹۵۱ء میں اس شہر سے تیل کی پائپ لائن کو کس شہر سے ملایا گیا تھا؟

۱۱۔ بتایئے اس شہر سے ۴۲۰ کلومیٹر ۲۷۹ میل کے فاصلے پر شمال مغرب میں عراق کا کونسا مشہور شہر واقع ہے؟

۱۲۔ بتایئے قدیم بصرہ موجودہ بصرہ سے کتنے فاصلے پر ہے؟

۱۳۔ بتایئے اس شہر کے قریب عرخلویس میں دو ہزار سال ق،م میں کون سے مشہور پیغمبر پیدا ہوئے تھے؟

۱۴۔ بتائیے تمام عراق کے تیل کا کتنا حصہ ٹینکروں کے ذریعے شہر سے باہر بھیجا جاتا ہے؟

۱۵۔ اس شہر کی اہم برآمدات کونسی ہیں؟

۱۵۔ا۔ کیا آپ بصرہ کے لفظی معنی بتا سکتے ہیں؟

۱۵،ب۔ بتائیے بصرہ میں کون سے مشہور جنگ ہوئی تھی جس میں مسلمان پہلی بار اپنے مسلمان بھائیوں کے خلاف نبرد آزما ہوئے تھے؟

۱۵،ج، ۴۷ھ ۶۶۲ء میں کس نے بصرہ میں ازسرنو اموی اقتدار بحال کیا تھا؟

جوابات

۱۔ ۷۵ میل	۱۰۔ فاؤ
۲۔ حضرت عمر فاروقؓ	۱۱۔ بغداد
۳۔ رومیلا تک	۱۲۔ آٹھ میل کے فاصلے پر
۴۔ سنوباد جہازی نے	۱۳۔ حضرت ابراہیمؑ
۵۔ عثمانیوں کی فتح سے	۱۴۔ ایک تہائی حصہ
۶۔ برطانیہ کا	۱۵۔ پٹرول کی مصنوعات
۷۔ تیل کا	۱۵۔ا، سیاہ سنگریزے
۸۔ پچیس لاکھ ٹن	۱۵۔ب جنگ جمل
۹۔ ترکی نے	۱۵،ج۔ حضرت امیر معاویہؓ نے

۱۸۔ بلخ

۱۔ بلخ جو افغانستان کا ایک عظیم شہر ہے ۔یہ بتایئے کس مشہور حکمران نے ۳۳۰ ق،م یہاں ایک نو آبادی قائم کی؟

۲۔ بتایئے ۳۲ھ ۶۵۳ ء میں احنف نے کن خلیفہ کے عہد میں اس شہر کو تاراج کیا؟

۳۔ ۶۱۷ھ ۱۲۲۰ ء میں کس حکمران نے اس شہر کو بری طرح تباہ کر دیا تھا؟ جس کے بعد یہ اپنی شہری حیثیت کھو بیٹھا تھا؟

۴۔ آٹھویں صدی ہجری ،چودھوی صدی عیسوی کے شروع میں کس بادشاہ نے اس شہر کو دوبارہ تعمیر کرایا؟

۵۔ بتایئے ۴۳ھ ۶۶۳ ء میں کس مشہور فاتح نے اس شہر پر قبضہ کیا تھا؟

۶۔ بتایئے اس شہر میں کس مشہور بزرگ کا مزار ہے؟

۷۔ اس شہر سے چھ میل کے فاصلے پر کونسا دریا گزرتا ہے؟

۸۔ بتایئے ۹۶ھ ۷۱۵ ءکی اس شہر کی تاریخ میں کیا اہمیت ہے؟

۹۔ بتایئے ۵۵۰ھ ۱۱۵۵ ء میں غزؤں کے ہاتھوں اس شہر کے تباہ ہونے کے بعد کس نے ایک نئی جگہ ہموار میدان میں شہر کو دوبارہ تعمیر کرایا تھا؟

۱۰۔ ۶۲۸ ء میں ایک چینی بدھ بھکشو ھیونی سانگ اس شہر میں آیا تھا بتایئے اس کے قول کیمطابق یہاں بدھوں کی کتنی عبادت گاہیں ہیں ۔؟

۱۱۔ بتایئے ۱۲۰۷ ء میں اس شہر میں کون سے مشہور صوفی شاعر پیدا ہوئے؟

۱۲۔ اس شہر کی مشہور مصنوعات کون کونسی ہیں؟

۱۳۔ زمانہ قدیم میں یہ شہر بکٹریا کا صدر مقام تھا بتایئے ان دنوں اسے کس لقب سے پکارا جاتا تھا؟

۱۴۔ بتایئے ۱۳۱۲ھ ۱۹۳۴ ء میں نئے بلخ کی بنیاد کس نے ڈالی تھی؟

۱۵۔ اس شہر سے ۶۴۳ کلومیٹر کے فاصلے پر افغانستان کا کون سا مشہور شہر واقع ہے؟

۱۵،ا بتایئے اس شہر کے لوگوں کے زیادہ تر پیشہ کیا ہے؟

۱۵،ب۔ بتایئے یہ شہر سطح سمندر سے کتنا بلند ہے؟

۱۵،ج اس شہر کی اہم پیداواروں کے نام بتایئے؟

جوابات

۱۔سکندر اعظم

۲۔حضرت عثمانؓ کے عہد میں

۳۔چنگیز خاں نے

۴۔کپک خاں نے

۵۔قیس بن ہیثم نے

۶۔حضرت ابراہیم بن ادھمؒ کا

۷۔دریائے آمو

۸۔اس شہر پر مکمل طور پر مسلمانوں کا قبضہ ہوگیا تھا؟

۹۔بلخ کے گورنر امرے قماچ نے

۱۰۔تقریبا ۱۰۰ عبادت گاہیں تھیں

۱۱۔مولانا جلال الدین رومیؒ

۱۲۔قراقلی، قالین، شال، برک اور ریشمی ابرہ

۱۳۔شہروں کی ماں کے نام سے

۱۴۔افغانستان کے وزیر خارجہ گل محمد خاں نے

۱۵۔کابل

۱۵۔ا، زراعت، قرہ قلی بھیڑیں پالنا، قالین بانی اور گھوڑے پالنا

۱۵۔ب۔گیارہ سو پچاس میٹر

۱۵۔ج۔ جو، گیہوں، جوار، باقلا، ماش، لوبیا، چنا، اور کپاس وغیرہ ہیں؟

۱۹۔ بدخشاں

۱۔ بتایئے بدخشاں کس ملک میں واقع ہے؟

۲۔ چھٹی صدی عیسوی میں اس شہر پر کس نے قبضہ کرلیا تھا؟

۳۔ مشہور مورخ طبری کے مطابق بتایئے ۱۱۴ھ ۷۳۶ء میں اس علاقے میں کس مذہب کے لوگوں کی فتوحات ہوئیں؟

۴۔ ۹۳۶ھ ۱۵۲۰ء میں کس مغل بادشاہ نے اپنے بیٹے کو بدخشاں کا حاکم بنایا تھا؟

۵۔ بتایئے ۹۹۶ھ ۱۵۸۴ء میں اس شہر کو ازبکوں نے کس کی سربراہی میں فتح کیا تھا؟

۶۔ بتایئے یہ شہر اپنی کن معدنیات کی وجہ سے مشہور رہے؟

۷۔ بتایئے کس وجہ سے اس شہر کا نام بدخشاں پڑا؟

۸۔ بتایئے یہ شہر کس دریا کے کنارے واقع ہے؟

۹۔ ۱۸۷۳ء میں حکومت افغانستان نے کس کو معزول کر کے اس علاقے کو افغانستان میں شامل کرلیا تھا؟

۱۰۔ بتایئے ۱۱ مارچ، ۱۸۹۵ء کو کن ممالک کے درمیان ایک معاہدہ ہوا جس کی رو سے بدخشاں شہر کو چھوڑ کر باقی علاقہ روس کے حوالے کر دیا گیا تھا؟

۱۱۔ دسمبر ۱۹۲۴ء کو یہاں کونسا خودمختار علاقہ قائم کیا گیا؟

۱۲۔ بتایئے تیموری سلطنت کیساتھ اس علاقہ کا الحاق کس کے عہد میں ہوا تھا؟

۱۳۔ پانچویں صدی ہجری گیارھویں صدی عیسوی میں کونسا مشہور شاعر یہاں آیا اور اسمعیلی عقائد کی تبلیغ کی؟

۱۴۔ بتایئے کس مشہور جہازراں اور سیاح نے اس شہر کے بارے میں لکھا ہے کہ بدخشاں اس علاقے کا نام ہے اور لعل کا نام جو بدخشاں ہے علاقے کی نسبت

سے ہے؟

۱۵۔ ۱۵۶۹ء میں اس علاقے کا حکمران کون تھا؟

جوابات

۱۔روس میں

۲۔منگولوں نے

۳۔اسلامی فتوحات

۴۔بابر نے اپنے بیٹے ہمایوں کو

۵۔عبداللہ خان کی

۶۔لعل، زمرد، نیلم، فیروزہ، سونے اور تانبے کی وجہ سے

۷۔روسی علاقے میں پائے جانے والے ایک لعل بدخشاں کی وجہ سے

۸۔دریائے آمو کے

۹۔ازبک میر محمود شاہ کو

۱۰۔برطانیہ اور روس کے درمیان

۱۱۔خودمختار علاقہ گورنر بدخشاں

۱۲۔تیمور کے پرپوتے ابوسعید کے عہد میں

۱۳۔ناصر خسرو

۱۴۔مارکوپولو

۱۵۔سابق والی مرزا خان کا بیٹا سلیمان

۲۰۔ بلند شہر

۱۔ بتایئے یہ شہر ہندوستان کے کس صوبے میں واقع ہے؟

۲۔ ۴۰۹ھ ۱۰۱۸ء میں اسے کس بادشاہ نے فتح کیا تھا؟

۳۔ بتایئے بارھویں صدی ہجری اٹھارویں صدی عیسوی میں کون لوگ اس شہر کو تباہ و برباد کر کے اس پر قابض ہو گئے تھے۔

۴۔ کس حکمران نے ۵۹۷ھ ۱۱۹۳ء میں اس شہر کو فتح کر کے اپنے داماد التمش کو دے دیا تھا؟

۵۔ بتایئے یہ شہر کس ندی کے کنارے واقع ہے؟

۶۔ بتایئے کس حکمران کے عہد میں یہ شہر کسانوں کی بغاوت کا مرکز بن گیا تھا؟

۷۔ بتایئے ۱۲۱۸ھ ۱۸۰۳ء کی اس شہر کی تاریخ میں کیا اہمیت ہے؟

۸۔ ۵۹۰ھ ۱۱۹۳ء میں اسلامی فتوحات کی یادگار میں یہاں کس کی درگاہ قائم ہوئی تھی؟

۹۔ بتایئے اس شہر کا رقبہ کتنا ہے؟

۱۰۔ بتایئے اس شہر کا قدیم نام کیا ہے؟

۱۱۔ بتایئے ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں جب انگریزوں کو یہاں سے نکال دیا گیا تو حکومت کی بھاگ دوڑ کس کے ہاتھ میں چلی گئی؟

۱۲۔ بتایئے کس وجہ سے اس شہر کو بلند شہر کہا جاتا ہے؟

۱۳۔ بتایئے اس شہر میں کون سی فصلیں پیدا ہوتی ہیں۔؟

۱۴۔ بتایئے اس شہر کا قدیم نام کس شخص کے نام پر رکھا گیا تھا اور وہ کون تھا؟

۱۵۔ اس شہر میں ایک کالج واقع ہے جو کہ شہر میں اعلیٰ تعلیم کا مرکز ہے بتایئے یہ کالج ہندوستان کی کس یونیورسٹی کیساتھ ملحق ہے؟

جوابات

۱۔صوبہ اتر پردیش

۲۔سلطان محمود غزنوی نے

۳۔مرہٹے

۴۔قطب دین ایبک نے

۵۔کالی ندی کے

۶۔ سلطان محمود بن تغلق کے عہد میں

۷۔اس شہر پر انگریزوں نے قبضہ کیا تھا

۸۔خواجہ لال برنی کی

۹۔۱۸۸۷ مربع میل

۱۰۔ابرن

۱۱۔ولی دادا خان کے ہاتھ میں

۱۲۔چونکہ یہ شہر ایک اونچی جگہ پر واقع ہے

۱۳۔گندم، جو گنا، مکئی، اور کپاس

۱۴۔قدیم نام برن، اسی برن نامی ایک شخص کے نام پر جو اس شہر کا فرضی بانی کہا جاتا ہے

۱۵۔آگرہ یونیورسٹی سے

۲۱۔ بریلی

۱۔ بریلی نام کے ہندوستان کے صوبہ اتر پردیش کے دو مشہور شہر ہیں کے آپ ان کا نام بتا سکتے ہیں؟

۲۔ بتایئے بانس بریلی کے نام کی وجہ تسمیہ کیا ہے؟

۳۔ بتایئے ۹۴۴ھ ۱۵۳۷ء بانس بریلی کی تاریخ میں کیوں اہم ہے؟

۴۔ کس بادشاہ کے دور میں اس شہر کو روہیل کھنڈ کا دار الحکومت بنایا گیا تھا؟

۵۔ شہنشاہ اورنگزیب کے بعد کس نے اس شہر سے مغلوں کے صوبے دار کو نکال، کر خود حکومت سنبھال لی تھی؟

۶۔ ۱۱۸۸ھ ۱۷۷۴ء میں کس کو وزیر اودھ کے ماتحت اس شہر کا صوبے دار مقرر کیا گیا تھا؟

۷۔ ہندؤں میں پھوٹ پڑنے کی وجہ سے کون سا روہیلہ سردر اس شہر پر قابض ہوا تھا؟

۸۔ بتایئے ۱۳۵۳ھ ۱۸۳۷ء اور ۱۸۴۲ء اس شہر کی تاریخ میں کیوں اہم ہے؟

۹۔ بتایئے رائے بریلی سے کس نے اپنی تحریک جہاد کا آغاز کیا تھا؟

۱۰۔

۱۱۔ بتایئے ۱۲۱۶ھ ۱۸۰۱ء میں یہ شہر کس کے قبضے میں چلا گیا؟

۱۲۔ بتایئے بانس بریلی دہلی سے کتنی دور اور کس سمت واقع ہے؟

۱۳۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں ضلع بریلی کس مشہور پہاڑ کے دامن میں واقع ہے؟

۱۴۔ بتایئے ۔اس شہر کی سب سے اہم صنعت کونسی ہے؟

۱۵۔ بتایئے یہ شہر کس ڈویژن اور کس ضلع کا صدر مقام ہے؟

۱۵۔ا، بتایئے اس شہر کی زمین کس دریا سے نکلنے والی نہروں سے سیراب ہوتی ہے؟

۱۵۔ب۔ اس شہر کی اہم فصلیں کون کون سی ہیں؟

جوابات

۱۔ایک رائے بریلی اور دوسرا بانس بریلی

۲۔اس شہر کے پاس بانس کا ایک قدیم جنگل ہے

۳۔اس شہر کی بنیاد رکھی گئی تھی۔

۴۔شاہجان کے عہد میں

۵۔ہندوؤں نے

۶۔سعادت یار خان کو

۷۔سردار محمد علی خان

۸۔ اس شہر میں زبردست ہندو مسلم فسادات ہوئے تھے

۹۔سید احمد شہید

۱۰۔علی حضرت احمد رجا بریلویؒ نے

۱۱۔انگریزوں کے

۱۲۔۱۳۰میل جنوب مشرق میں

۱۳۔کوہ ہمالیہ کے

۱۴۔شکر سازی

۱۵۔ روہیل کھنڈ ڈویژن اور ضلع بریلی کا

۱۵۔ا۔دریائے گنگا

۱۵۔ب۔گندم چاول اور گنا

۲۲۔ بخارا

۱۔ بتائیے یہ شہر کہاں واقع ہے؟

۲۔ اس شہر پر ۵۴ھ ۶۷۴ء میں مسلمانوں نے سب سے پہلے کس کی سپہ سالاری پر حملہ کیا تھا؟

۳۔ ۹۱ھ میں کون اپنے دشمنوں کو شکست دے کر شاہ بخارا کے نام سے تخت نشین ہوا؟

۴۔ بتائیے ۶۲۶ھ ۱۲۲۰ء میں کس نے اس شہر پر قبضہ کیا جس کے حملوں سے یہ شہر تباہ ہو گیا تھا؟

۵۔ ۶۷۱ھ میں کس حکمران کے قبضے کے دوران یہ شہر دوبارہ تباہ و برباد ہو گیا تھا؟

۶۔ بتائیے چھٹی صدی ہجری بارہویں صدی عیسوی میں علماء کے ایک خاندان نے کس نام سے یہاں ایک دینی حکومت قائم کی تھی؟

۷۔ بتائیے ۷۰۳ھ ۱۳۰۷ء میں یہ شہر کس کے قبضے میں آیا؟

۸۔ کیا آپ جانتے ہیں ۱۸۶۸ء کی اس شہر کی تاریخ میں کیا اہمیت ہے؟

۹۔ بتائیے اس شہر کے صدارتی محل کا کیا نام ہے؟

۱۰۔ ۹۰۵ھ ۱۵۰۰ء میں اس شہر پر کن کا قبضہ ہو گیا تھا جو روس کے انقلاب تک باقی تھا؟

۱۱۔ بتائیے ۵۱۵ھ، ۱۱۲۱ء میں کس نے اس شہر میں نئی جامعہ مسجد تعمیر کرائی تھی؟

۱۲۔ بتائیے اس شہر کے باشندے کس نسل کے ہیں؟

۱۳۔ اس شہر کا زیادہ حصہ بنجر اور ناقابل کاشت ہے بتائیے اس کے صرف کون سے دریاؤں کے نزدیک کاشتکاری ہوتی ہے؟

۱۴۔ ۱۱۵۳ھ ۱۷۴۰ء میں کس مسلمان بادشاہ نے اس شہر کو فتح کیا؟

۱۵۔ اس شہر کا نقشہ کن ماہرِ تعمیرات نے بنایا تھا؟

۱۵۔ا۔ بتائیے س شہر کے آخری مسلمان حکمران کون تھا؟

۱۵۔ب۔ اس شہر میں کس مشہور اطالوی راہب کا مقبرہ تھا؟

۱۵۔ج۔ بتائیے ۱۹۲۴ء اس شہر کی تاریخ میں کیوں اہم ہے؟

جوابات

۱۔ روس میں جمہوریہ شورائیہ اشتراکیہ

۲۔عبید اللہ بن زیاد کی

۳۔قتیبہ بن مسلم

۴۔چنگیز خان

۵۔ایران کے مغول ایلخان آباقا کے

۶۔آل برہان کے نام سے

۷۔محمد بن تکش خوارزم شاہ

۸۔ یہ شہر روسیوں کے قبضہ میں چلا گیا تھا

۹۔ڈان پیلس

۱۰۔ازبکوں کا

۱۱۔ارسلان خان نے

۱۲۔ترک اور ایرانی نسل

۱۳۔دریائے آمو، زرخشاں اور کرشی کے نزدیک

۱۴۔نادر شاہ نے

۱۵۔لوسیو کوسٹا اور اوسکر نائمیر نے

۱۵۔ا۔امیر عالم

۱۵۔ب۔سینٹ جان باسکو کا

۱۵۔ج۔ اس سال اس شہر کو سوشلسٹ ریپبلک بنا کر روس میں شامل کیا گیا؟

۲۳۔ بوگرا

۱۔ بتایئے یہ شہر کس **ملک** میں واقع ہے اور یہ **ملک** پہلے یہ کہلاتا تھا؟

۲۔ تقسیم ہند سے قبل اس شہر کے مسلمانوں کی تعداد اور دوسرے شہروں کے مقابلے میں کتنی تھی؟

۳۔ ۱۳۸۱ھ ۱۸۸۸ء اور ۱۸۹۷ء میں اس شہر میں کس آفت سے جان و مال کو بہت نقصان پہنچا تھا؟

۴۔ ۱۲۸۱ھ ۱۸۶۴ء میں اس شہر میں کس وجہ سے تباہی آئی تھی؟

۵۔ یہاں کے باشندے کی اکثریت غالباً کس صدی میں مسلمان ہوئی؟

۶۔ اس شہر کے نومسلم پہلے کیا کہلاتے تھے؟

۷۔ بتایئے ۱۵۹۶ء میں اس شہر کو کس نے فتح کیا تھا؟

۸۔ سولویں صدی عیسوی میں اس شہر کے راجہ مان سنگھ نے شیر پور میں ایک مٹی کا کچا قلعہ تعمیر کرایا تھا؟ بتایئے اس نے اس کا کیا نام رکھا تھا؟

۹۔ بتایئے اس شہر میں بوگرا محل کس خاندان کی رہائش گاہ ہے؟

۱۰۔ بتایئے ۱۸۸۶ء میں اس شہر میں صرف ڈیڑھ گھنٹے میں کتنی بارش ہوئی تھی۔ جس سے سارا شہر غرقاب ہو گیا تھا؟

۱۱۔ بتائے یہ شہر کس دریا کے کنارے واقع ہے

۱۲۔ بتایئے اس شہر کا پرانا نام کیا ہے؟

۱۳۔ بتائے اس شہر کو میونسپلٹی کا درجہ کب دیا گیا؟

۱۴۔ اس شہر کی تاریخ ۳۰۰ قبل مسیح پرانی ہے بتایئے اس دور میں یہ کن حکمرانوں کی حکومت کا ایک حصہ تھا؟

۱۵۔ بوگرا اسٹرکٹ کا ہیڈ کوارٹر میر بوگرا ہے، بتایئے یہ شہر کس ڈویژن میں واقع ہے؟

۱۵۔۱۔ کیا آپ اس شہر کی قابل دید عمارات کا احوال بیان کر سکتے ہیں؟

جوابات

۱۔ بنگلہ دیش جو پہلے مشرقی پاکستان کہلاتا تھا

۲۔ بنگال کے تمام علاقوں کے مسلمانوں سے زیادہ تھی

۳۔شدید زلزلوں سے

۴۔ ایک طوفان نے زبردست تباہی مچائی تھی

۵۔ ساتوی صدی ہجری تیرھویں صدی عیسوی میں

۶۔کوچ یاراج بنسی

۷۔راجہ مان سنگھ نے

۸۔سلیم نگر

۹۔چوہدری خاندان کی

۱۰۔۱۸ انچ

۱۱۔دریائے کراتوبہ

۱۲۔باگورا

۱۳۔۱۸۷۶ء میں

۱۴۔اموریا خاندان کا

۱۵۔راجشاہی ڈویژن

۱۵۔۱۔ پارک، تھیٹر، ہال، اور سیکر بیٹربل، ترقی کے لیے ایک نرسری

۲۴۔ بھٹنڈا

۱۔ بتایئے یہ شہر بھارت کی کس سابقہ ریاست میں واقعہ ہے؟

۲۔ بتایئے ۱۰۰۴ء میں کس مسلمان بادشاہ نے اسے فتح کیا؟

۳۔ ۱۱۹۱ء میں اس شہر کو کس نے فتح کیا؟

۴۔ س شہر کے آثار قدیم میں کس بادشاہ کا بنوایا ہوا ایک قلعہ ہے جو ۱۱۸ فٹ بلند ہے؟

۵۔ بتایئے بھٹنڈا کے قلعے میں کتنے برج ہیں؟

۶۔ محمد غوری کے عہد میں پرتھوی راج نے قلعے کا محاصرہ کر کے اس شہر پر قبضہ کرلیا تھا بتایئے یہ محاصرہ کتنے عرصے تک برقرار رہا تھا؟

۷۔ بتایئے ۱۲۱۰ء میں کس کی وفات کے بعد ناصر الدین قباچہ نے اس شہر پر قبضہ کیا تھا؟

۸۔ قدیم زمانے میں یہ شہر کن لوگوں کا مرکز تھا؟

۹۔ اس شہر سے تیس میل کے فاصلے پر سرہند کے راستے میں ایک جنگل ہے بتایئے یہ کس مغل بادشاہ کی شکارگاہ تھا؟

۱۰۔ ۱۱۵۴ء میں یہ شہر کس حکمران کے قبضے میں آیا؟

۱۱۔ بتایئے ۱۹۵۶ء بھٹنڈا کی تاریخ میں کیوں اہم ہے؟

۱۲۔ زمانہ قدیم میں بھٹنڈا کی جنگی اہمیت بہت زیادہ تھی بتایئے یہ علاقہ کن دو علاقوں تک جانیوالے اہم راستوں پر واقع ہے؟

۱۳۔ ۱۷۵۴ء میں اسے پٹیالہ کے کس راجہ نے فتح کیا تھا؟

۱۴۔ بتایئے مسلمانوں کے دور میں پہلے یہ شہر کیا کہلاتا تھا؟

۱۵۔ اس شہر کی مشہور پیداوار کونسی ہیں

جوابات

۱۔ ریاست پٹیالہ میں

۲۔ سلطان محمود غزنوی نے

۳۔ شہاب الدین غوری نے

۴۔ شیر شاہ سوری کا

۶ ۳برج ہیں

۶۔ تیرہ مہینے تک

۷۔ قطب الدین ایبک کی

۸۔ ھائیا راجپوتوں کا

۹۔ شہنشاہ اکبر کی

۱۰۔ ناصر الدین محمود کے

۱۱۔ یہ علاقہ بھارت میں مدغم ہوا تھا ؟

۱۲۔ جنگی اہمیت جو تھی کہ وہ راستے جو ملتان اور راجھستان اور وادی گنگ کی طرف جاتے تھے اس کی زد میں تھے

۱۳۔ راجہ آلہ سنگھ نے

۱۴۔ وکرم گڑھ

۱۵۔ گندم، چنے، کپاس اور گنا

۲۵۔ بلیدہ

۱۔ بتائیے یہ شہر کس ملک میں واقع ہے؟

۲۔ بتائیے یہ شہر کس قصبے کے جنوبی سرے پر واقع ہے قرون وسطی میں بہت مصروف تھا؟

۳۔ بتائیے اس شہر کی بنیاد کس نے رکھی تھی؟

۴۔ بتائیے کس ملک کے لوگوں نے اس شہر کے گرد نارنگیوں کے باغ لگائے اور اپنے ملک کے آبپاشی کے طریقے رائج کیے تھے؟

۵۔ بتائیے ۱۸۳۷ء کس وجہ سے یہ شہر پر تباہ ہو گیا تھا؟

۶۔ ۱۸۲۹ء میں کس ملک نے اس شہر پر قبضہ کر لیا تھا؟

۷۔ بتائیے کس نے یہاں ایک مسجد، حمام اور عوامی مطبخ تعمیر کرا کے اس آبادی کو پوری طرح شہر کی صورت دی تھی؟

۸۔ بتائیے اس شہر کی آبادی زیادہ تر کن لوگوں پر مشتمل تھی؟

۹۔ بتائیے کس شخص سے ایک مشہور قول منسوب ہے جس میں اس شہر کو ننھا گلاب کے نام سے یاد کیا گیا ہے؟

۱۰۔ بتائیے یہ شہر الجزیرہ سے کس سمت اور کتنے فاصلے پر واقع ہے؟

۱۱۔ ساتویں صدی ہجری، تیرہویں صدی عیسوی میں کس کی مہمات کے نتیجے میں یہ شہر تباہ ہو گیا تھا؟

۱۲۔ ۱۸۶۵ء میں کس چیز نے پورے شہر کو تقریبا تباہ کر دیا تھا؟

۱۳۔ ۱۸۶۵ء میں کس چیز نے پورے شہر کو تقریبا تباہ کر دیا تھا؟

۱۴۔ بتائیے اس شہر کو کس دریا سے پانی اور ہائیڈرو بجلی کی رسد دی

۲۶۔ بروجس

۱۔ بتایئے یہ شہر کس ملک میں واقع ہے؟

۲۔ بتایئے یہ شہر کس صدی میں آباد ہوا تھا؟

۳۔ ۱۸۹۵ء میں یہاں کون سی بندرگاہ بنائی گئی تھی جس سے نہر کے ذریعے بروجس کو ملایا گیا؟

۴۔ بارہویں صدی عیسوی میں بروجس کہاں کا صدر مقام بنا؟

۵۔ گیارہویں صدی عیسوی میں یہ شہر کن مصنوعات کا مرکز تھا اور انگلستان کے ساتھ تجارت کرتا تھا؟

۶۔ چودھویں صدی عیسوی میں یہ شہر کس لیگ کا مرکز کی حیثیت سے تسلیم کیا گیا؟

